3 اکتوبر 2013ء

عید قرباں سے قبل نئے کرنسی نوٹ فراہم کیے جائیں گے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان عیدالاضحیٰ کے موقعے پر عوام کو ہر مالیت کے نئے کرنسی نوٹ جاری کرے گا۔ ایس بی پی ایس سی کے کاؤنٹرز اور کمرشل بینکوں کی مخصوص شاخوں سے نئے کرنسی نوٹوں کا اجرا فوری طور پر شروع ہوجائے گا اور عیدالاضحیٰ سے قبل آخری یوم کار تک جاری رہے گا۔ کسی بھی مالیت کے نئے نوٹ ایس بی پی ایس سی کے 16 دفاتر نیز ملک بھر میں کمرشل بینکوں کی مخصوص شاخوں سے مساوی رقم کے عوض حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ شناختی کارڈ کی نقل پیش کرنے کی کوئی شرط نہیں۔ مختلف شہروں میں مخصوص شاخوں کی تفصیلات مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ہیں:

http://www.sbp.org.pk/DesignatedBranches.pdf.

اگر ایس بی پی ایس سی کے دفاتر یا کمرشل بینکوں سے نئے کرنسی نوٹوں کے حصول کے ضمن میں کوئی دشواری پیش آئے تو ای میل ایڈریس freshnotes@sbp.org.pk یا umar.siddique@sbp.org.pk پر شکایات درج کی جاسکتی ہیں یا فون نمبر 021 99212491 یا 021 99221491 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆